سوال

(782) پڑھنے کو کرتا ہے لیکن کر نہیں سکتا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

محترم میں ایک طالب ہوں دنیا دار ہوں دل پڑھنے کو کرتا ہے لیکن کر نہیں سکتا بہت کوشش کرتا ہوں لیکن کامیاب نہیں ہو سکتا خوف کا طاری ہونا عام بات ہے ۔ کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ جادو ہے وغیرہ وغیرہ ۔ آپ کوئی ایسا عمل خواہ وہ آیت قرآنیہ کی شکل میں ہو یا ، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے ادا کردہ کلمات ہوں جن کی برکت اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ذکر کردہ پریشانیوں سے نجات حاصل کر سکوں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے : {اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ} 2[وہ لوگ جو ایمان لائے اور چین پاتے ہیں ان کے دل اللہ کی یاد سے خبر دار اللہ کی یاد ہی سے چین پاتے ہیں دل] کثرت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے رہیں خصوصاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روزمرہ کے اذکار کو ادا کرنے میں کوتاہی اور غفلت سے کام نہ لیں اور مندرجہ ذیل دعا وقتا فوقتا پڑھتے رہیں ۔ ''اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ'' 3[یا اللہ میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں فکر و غم سے اور آپ کی پناہ چاہتا ہوں ناتوانی اور سستی سے اور بچاؤ چاہتا ہوں آپ کے ساتھ بزدلی اور بخل سے اور پناہ میں آتا ہوں آپ کی قرض کے غلبے سے اور لوگوں کے سخت دباؤ سے]

2[الرعد ۲۸ پ ۱۳] 3[ابوداود المجلد الاول کتاب الصلوة باب فی الاستعاذة ص ۲۱۷]

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 01 ص 501